☆شہید وفا، وسیم شاہد اولکھ۔ ناشر: اذان سحر پبلی کیشنز، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۱۳۶۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [عامر چیمہ شہید کے حالاتِ زندگی، جنازے کی تفصیلات، منظوم تاثرات، تصاویر۔]

☆آپ کے خواب اور ان کی تعبیر، ابومحمد خالد بن علی العنبری، مترجم: ڈاکٹر حافظ عبدالرحمٰن یوسف۔ ناشر: مکتبہ ابن تیمیہ، لاہور۔ ملنے کا پتا: اسلامی اکادمی، ۱۷- اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۹۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [خوابوں کا دیکھنا، ان کی تعبیر معلوم کرنا اور بتانا ماہرین نفسیات کے لیے ایک دل چسپ موضوع ہے۔ کتاب و سنت میں اس کے بارے میں جو کچھ آیا ہے اور تعبیر کے حوالے سے جو روایات ہیں ان کو جمع کر دیا گیا ہے۔]

☆شاہراہ دعوتِ دین، مصطفیٰ مشہور۔ ناشر: مکتبہ المصباح، ۱-۱ے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ صفحات: ۲۰۶۔ قیمت: ۶۵ روپے۔ [دورِ حاضر میں دعوتِ دین کی راہ پر چلنے والوں کو جو مسائل پیش آتے ہیں ان کے بارے میں عملی نقطۂ نظر سے بہت اچھی مفید بحث اور مؤثر رہنمائی ہے۔ اس راہ کے ہر راہی کو مصطفیٰ مشہور کی اس کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔]

☆تزکیہ نفس، خلیل الرحمٰن چشتی، محمد خان منہاس۔ ناشر: الفوز اکیڈمی، ۴/۱۱-ای، اسلام آباد۔ صفحات: ۲۳۲۔ قیمت: ۱۴۰ روپے۔ [تزکیہ نفس کے موضوع پر ایک گائیڈ بک نوعیت کی کتاب جس میں ۱۲ تدابیر آیات و احادیث کی روشنی میں نہایت اختصار اور جامعیت سے بیان کی گئی ہیں۔]

☆نصرتِ الٰہی کے مناظر، ابوبلال حافظ طاہر منصور۔ ناشر: جہاد میڈیا پبلی کیشنز، hotsoup@maktoob.com۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [دورِ رسالت وصحابہ میں میدان جہاد میں نصرتِ الٰہی کے واقعات نہایت ایمان افروز ہوتے ہیں۔ اس کتاب میں دورِ حاضر کے افغانستان، کشمیر، فلپائن اور دوسرے جہادوں کے ایسے واقعات جمع کیے گئے ہیں۔ ان سے یقین آتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں کی مدد کرنے پر ہر طرح قادر ہے جو اس کی راہ میں جانیں پیش کرتے ہیں۔]

☆یومِ خندق، پروفیسر شفیع ملک۔ ناشر: پاکستان ورکرز ٹریننگ اینڈ ایجوکیشن ٹرسٹ، ایس ٹی ۲/۳، بلاک ۵، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۶۰۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [پاکستان میں مزدور تحریک کا ایک مطالبہ ہے کہ یکم مئی کے بجائے، جو سوشلسٹ پس منظر رکھتا ہے یومِ خندق کو عالمی پیمانے پر یومِ مزدور کے طور پر منایا جائے۔ مصنف نے اس تجویز کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی ہے۔]

☆زندگی کی کتاب، قانتہ رابعہ۔ ناشر: ادارہ مطبوعات سلیمانی، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۵۹۔ قیمت: ۷۵ روپے۔ [زندگی گزارتے ہوئے روزمرہ پیش آنے والے واقعات پر اخباری کالم کے انداز سے کسی مناسب بات کی تذکیر۔ یہ ایسے ہی ۶۷ ایک ایک دو صفحات کے مختصر مضامین کا مجموعہ ہے۔ مطالعے سے معاشرے کی تصویر بھی سامنے آجاتی ہے۔]